02/07/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عمر مختار** سے خبریں سُنئے

**یاترا**

کل سے شروع ہونے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج علی الصبح بھگوتی نگر بیس کیمپ جموں سے شردھالوں کے پہلے جتھے کو جھنڈی دکھا کر وادی کی طرف روانہ کیا ۔ ایل جی نے اس موقعہ پر یاتریوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

**یاترا گاڑیاں**

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یاتریوں کا پہلا قافلہ 299 گاڑیوں پر مشتمل ہے جن میں کل پانچ ہزار 4 سو 85 یاتری سوار ہے۔

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یاترا کے تعلق سے کل توی رِوَر فرنٹ جموں میں توی آرتی میں شرکت کی ۔ اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے سبھی یاتریوں کی محفوظ اور یادگار یاترا کے لئے دعا کی ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے لوگ ملک بھر سے تعلق رکھنے والے یاتریوں کا خیر مقدم کرنے کے لئے تیار ہے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ۔

**ایل جی دورہ**

اس سے پہلے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھگوتی نگر جموں کے بیس کیمپ کا دورہ کر کے وہاں یاتریوں کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے خاص طور سے سلامتی انتظامات ، رجسٹریشن کاونٹرس ، بجلی ، پانی ، طبی نگہداشت ، صفائی ستھرائی ، ٹرانسپورٹ اور دیگر سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ اس موقعہ پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

**ملاقات CM**

ڈل مکینوں اور ہاوس بوٹ و شکارا مالکان کے نمائندوں کے ایک وفد نے کل وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران انہوں نے اپنے مسائل سے وزیر اعلیٰ کو آگاہ کیا ۔ وزیر اعلیٰ نے ان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ان مسائل پر ترجیحی بنیادوں پر غور کیا جائے گا ۔

**محرم**

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی چھٹی تاریخ ہے اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا سلسلہ جاری ہے ۔

**محرم میٹنگ**

کشمیر وی کے بردی نے کل IGP دریں اثناءصوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری اور سرینگر میں مختلف شیعہ انجمنوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران محرم الحرام کے جلوسوں کے پر امن انعقاد کے لئے امور پر تبادلہ خیال کیا ۔ ان نمائندوں پر زور دیا گیا کہ وہ عوامی مفاد کے لئے ٹریفک اور دیگر ایڈوائزریوں پر سختی سے عمل آوری کو یقینی بنائیں ۔

**ACB**

اینٹی کورپشن بیورو نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رشوت خوری طلب کرنے کے کسی بھی کے ساتھ ٹول فری نمبر 1800-180- ACBکے نزدیکی دفتر کی نوٹس میں لائے۔ ACB معاملے کو 752 یا واٹس ایپ ہیلپ لائن 9419678060 پر بھی رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے ۔

**nc**

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے کل پارٹی ہیڈ کواٹر پر مختلف علاقوں سے آئے کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کی وعدہ بند ہے۔ انہوننے مزید کہا کہ مرکزی حکومت کو یہاں کی عوام کے منڈیٹ کا احترام کر تے ہوئے بلا کسی تاخیر کے جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنا چاہئے۔

**پی ڈی پی**

پی ڈی پی کی طرف سے کل سرینگر میں عام لوگوں کو درپیش مختلف مسائل کواُجاگر کرنے کےلئے ایک مظاہرہ کرنے کی کوشش کو پولیس نے ناکام کر دیا۔ پولیس نے اس موقعے پر پارٹی

کے کچھ سینئر اور دیگرکارکنوں کو احتیاط کے طور پر گرفتار کیا۔ بعد میں پارٹی صدر محبوبہ مفتی نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں پارٹی کو عوامی مسائل اُجاگر کرنے نیز بقول انکے حکومت کی ناکامیوں پر احتجاج کی اجازت نہ دینے کےلئے انتظامیہ کی نکتہ چینی کی۔

**اپنی پارٹی**

جمونو کشمیر اپنی پارٹی کا ایک روزہ کنونشن کل اننت ناگ میں پارٹی صدر سید الطاف بخاری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس موقعے پر الطاف بخاری نے دعوٰی کیا کہ اپنی پارٹی واحد ایک ایسی پارٹی ہے جو جمونو کشمیر کے لوگوں کی نمائندگی کر تی ہے۔

**اونتی پورہ**

جموں وکشمیر پولیس نے اونتی پورہ میں دہشت گردی سے متاثرین کی مدد کےلئے ضلع پولیس آفس اونتی پورہ میں ایک ہیلپ لائن قائم کیا ہے۔ ہیلپ لائن نمبر ہے 01933-247702 ۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت24 اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ